سے نجات حاصل ہوئی۔ اللہ تعالیٰ مصنف مرحوم اور اس کی اشاعت کرنے والوں کو جزائے خیر دے۔

نجات الاسلام | تالیف مولوی احمد الدین صاحب گکھڑوی۔ ناشر: سکول بک ڈپو، اردو بازار، گوجرانوالہ۔ قیمت آٹھ آنے۔

زیر نظر رسالہ پادری سلطان محمود صاحب کے اُن دو رسائل کا جواب ہے جن میں انہوں نے نجات کے اسلامی تصور پر مختلف اعتراضات کیے ہیں۔

مسئلہ سود | تالیف مولانا مفتی محمد شفیع صاحب۔ ناشر: ادارۃ المعارف کراچی، اشرف منزل لسبیلہ چوک کراچی ۵۔

اس فاضلانہ تصنیف میں پاک و ہند کے مشہور عالم دین حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب نے سود کی تعریف، تجارتی سود، جاہلیت عرب کا سود، اور قرآن و سنت میں اُس کا مفہوم، اور اُس کی حرمت اور اس پر وعید شدید اور اس کی دینی، دنیوی، اقتصادی، معاشی تباہ کاریوں پر بڑے فاضلانہ انداز میں بحث کی ہے۔ یوں تو یہ ساری کتاب ہی فاضل مصنف کی وسعتِ علم اور اخلاص کی آئینہ دار ہے مگر اس کا وہ حصہ خاص طور پر قابلِ مطالعہ ہے جس میں انہوں نے نہایت مستند حوالوں سے یہ ثابت کیا ہے کہ نزولِ قرآن کے وقت عرب میں تجارتی سود کا رواج تھا۔

صحیح مقامِ حدیث جلد اوّل و دوم | تالیف: مولانا فضل احمد غزنوی صاحب بی اے، منشی فاضل، مولوی فاضل۔ ملنے کا پتہ: ادارہ تبلیغ الاسلام فضل الیکٹرک پرنٹنگ پریس، گاڑی کھاتہ، حیدر آباد سندھ۔ دونوں جلدوں کی قیمت پانچ روپے۔

مولانا فضل احمد غزنوی صاحب ملک کی ایک جانی پہچانی شخصیت ہیں۔ اُن کے گراں قدر مضامین پاک و ہند کے مذہبی جرائد میں اکثر شائع ہوتے رہتے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب اُن کی دینی حمیت اور اخلاص کی پوری طرح ترجمانی کرتی ہے۔ اس کتاب کے آخری